# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ جینڈر اینڈ ویمن اسٹڈیز)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی خواتین کا شعری ادب میں کردار (9153/4643) سمسٹر: بہار، 2025ء

سطح: ایم ایس سی/ پی جی ڈی

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر1

**(یونٹ1 تا4)**

سوال نمبر1۔ دکنی شاعری اور شمالی ہند کی شاعری میں کیا فرق ہے نیز خواتین پر مرتب ہونے والے مشہور دو تذکروں کو بیان کریں۔(20)

سوال نمبر2۔ چندا کے دیوان میں کتنی غزلیں شامل ہیں نیز ان کی شاعری کے اہم نکات بیان کریں۔ چندا کو قدیم شاعرات میں سے زیادہ کیوں اہمیت دی جاتی ہے۔ (20)

سوال نمبر3۔ ادا جعفری کی شاعری کے فنی ارتقا پر روشنی ڈالئے نیز ان کی نظموں کی خصوصیات بیان کریں اور مثال دے کر وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پروین شاکر کی نسائی جذبات کی عکاسی ہے۔ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پنجابی زبان کے شاعرات نے روایت کی پابندی کرتے ہوئے اپنی شاعری سے معاشرے کی عکاسی کی ہے لیکن ان کی شاعری میں تبدیلی فکر کا عصر بھی نمایاں رہا تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ5 تا9)**

سوال نمبر1۔ اردو اور علاقائی زبانوں میں ریڈیو ڈرامہ فلم کار خواتین کی کاوشوں پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ قیام پاکستان کے بعد بچوں کے ادب میں متعدہ اہل قلم خواتین کی تخلیقات سامنے ہیں۔خواتین اہل قلم کی کتابوں کا تذکرہ کریں۔ جس میں بچوں سے متعلق اسلمی اور دیگر قصہ کہانوں کو موضوع بنایا گیا ہو۔ (20)

سوال نمبر3۔ کشور ناہید اور حمیدہ اختر حسین رائے پوری نے خودنوشت نویسی میں نمایاں مقام پیدا کیا ہے،ان دونوں کی ادبی کاوشوں کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ممتاز شیریں اور ادب کی نامور تنقید نگار میں قیام پاکستان کے بعد بشمول ممتاز شیریں ودیگر ترجمہ نگار خواتین کی کاوشوں کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ادبی رسائل اور اخبارات نے اردو اور پاکستانی زبانوں کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا ہے۔تحریر کریں نیز نیادور ادبی جریدہ کی مقبولیت کی وجوہات کیا تھی؟ تحریر کریں۔ (20)